۲۱

# خواصِ مولی

حکیم محمد عبداللہ



خواص کا انسائیکلوپیڈیا

# خواص مولی

30

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
سرکلر روڈ چوک اردو بازار لاہور

# خواص ہی خواص
کا
انسائیکلو پیڈیا

# خواص مولی

مولفین
حکیم حافظ طاہر محمود بٹ
حکیم عبدالرحمٰن کشمیری

معاونت
حکیم سید حسنات علی شاہ

تقسیم کار:
شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ
اردو بازار لاہور
مطبع ندیم یونس پرنٹرز لاہور

قیمت -/6 روپے

# خواص مولی

## مولی کا تعارف

مولی ایک ترکاری ہے یہ پاکستان اور برصغیر کے اکثر علاقوں میں پیدا ہوتی ہے سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ اور زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے اور جڑ زمین سے باہر ہوتی ہے۔

## مختلف نام :

| | |
|---|---|
| اردو | مولی |
| عربی | فجل |
| فارسی | ترب۔ تربزہ |
| سنسکرت | مولاکا۔ مولک |
| پنجابی | مولی |
| سندھی | موری |
| پشتو | مولئی |
| بلوچی | بھکیل |
| ہندی | مولا |
| تامل تلنگو | سلاگنی |
| یونانی | مولئی |
| یونانی | افاتیس |
| لاطینی | ریفانس سٹیوس |
| انگریزی | ریڈش |

## مزاج

عام طور پر اطباء اسے پہلے درجہ میں گرم و تر مانتے ہیں۔ اس کے پتوں کی گرمی جڑ سے زیادہ ہوتی ہے۔

جالینوس کے نزدیک یہ دوسرے درجہ میں گرم و خشک ہے۔

## اقسام

مولی دو قسم کی ہوتی ہے۔ بستانی اور جنگلی۔ اسے ماہ اسوج و کاتک میں بویا جاتا ہے لیکن پہاڑوں میں بارہ مہینے مل سکتی ہے۔ زمین اور آب و ہوا کے لحاظ سے اس کی شکل اور مزہ مختلف

## مضر

مولی زیادہ استعمال کرنے سے معدہ کو نقصان دیتی ہے۔ یہ دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ اس کے کھانے سے ناگوار ڈکار آتے ہیں۔ یہ حلق کے لئے بھی مضر ہے۔

## مصلح

نمک، شہد، زیرہ سیاہ، اس کے مصلحات ہیں۔

## خوراک

مولی کا رس 4 تولہ سے 8 تولہ تک استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ اور بیج 3 ماشہ سے 7 ماشہ تک کھلائے جا سکتے ہیں۔

## (جدید تحقیقات)

## کیمیائی تجزیہ

مولی کا کیمیائی تجزیہ کرنے پر اس میں حسب ذیل غذائی اجزاء پائے گئے ہیں۔

| | |
|---|---|
| نمی کی مقدار | 4.4 % |
| پروٹینز (اجزائے لحمیہ) | .7 % |
| چکنائی (روغنی حصہ) | .1 % |
| نشاستہ | 4.5 % |
| شکر | 4.5 % |
| کیلشیم (چونے کے اجزاء) | .5 % |
| فاسفورس | .3 % |
| لوہا | 4 % |
| کیروٹین (حیاتین الف) | 67 فیصد گرام |
| حیاتین ج | 5 فیصد |
| وٹامن بی، وٹامن سی، وٹامن ای | مناسب مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ |

## مولی کے کرشمے

مولی کا ذائقہ شوریت مائل تیز ہوتا ہے۔ یہ ہاضم ہے۔ جگر اور گردوں کو فضلات سے پاک کرتی ہے۔ نیز کاسر ریاح، مدر حیض اور محلل ورم عمال ہے۔ مولی کا پانی خون کو صاف کرتا ہے کیونکہ اس میں سلفر یعنی گندھک کا جزو موجود ہے۔

کچی مولی کھانے سے بدبو دار ڈکاریں کرتی ہیں۔ اگر اسے نمک، کالی مرچ اور زیرہ کے ساتھ کھائیں تو ڈکاریں بہت کم آتی ہیں۔ مولی کھانے کو ہضم کرتی ہے لیکن خود دیر ہضم ہے۔ اسے

ہضم کرنے کے لئے اس کے چھوٹے ہرے پتے ضرور کھانے چاہئیں۔ کیونکہ وہ مولی کو ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے بڑے پتے نہ کھانے چاہئیں۔ مولی کا پھل جسے مونگرے اور سینگرے کہتے ہیں فوائد میں مولی کے ہم پلہ ہیں۔ حکماء انہیں بواسیر اور یرقان میں اکثر استعمال کرتے ہیں۔

○ مولی کے پتوں اور جڑوں کو جلا کر نمک حاصل کیا جاتا ہے اور اسے سنگ گردہ مثانہ کو خارج کرنے کے لئے بھی کھلاتے ہیں۔

○ مولی کا نمک بے شمار بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ جسے بنانے کی ترکیب درج ذیل ہے۔ بڑی بڑی پکی ہوئی مولیوں کو پتوں سمیت اکھاڑ کر مٹی وغیرہ سے صاف کر لیں۔ کاٹ کر ٹکڑے بنا لیں۔ دھوپ میں خشک ہونے کے لئے رکھ دیں۔ جب اچھی طرح خشک ہو جائے۔ اب مولی سمیت ان کو جلا کر راکھ کر لیں اور اس کو وزن کر کے راکھ سے آٹھ گنا پانی ڈال کر کسی مٹی کے کونڈے وغیرہ میں بھگو دیں اور دن میں تین مرتبہ لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ اسی طرح تین دن رکھیں۔ چوتھے روز پانی کو ہلائے بغیر آہستہ آہستہ اوپر سے نتھرا ہوا پانی اتار کر راکھ کو پھینک دیں اور پانی کو کسی قلعی دار برتن میں ڈال کر پکائیں۔ جوں جوں پانی خشک ہوتا جائے کناروں سے لگی ہوئی سفید سفید دوا کھرچ کر پکتے ہوئے پانی میں ڈالتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام پانی خشک ہو کر برتن میں سفید سفید دوا ہی باقی رہ جائے گی۔ بس یہی مولی کا نمک یعنی مولی کھار ہے۔ اسے نکال کر محفوظ کر لیں۔ بے شمار امراض میں مفید ہے۔ اگر محفوظ نہ رکھا گیا ہو تو برسات کے موسم میں یہ پانی ہو جائے گا۔

○ مولی کا نمک نزلہ و زکام کو رفع کرتا ہے۔ اس کو سونگھنے سے دماغ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ اس کا روغن فالج و لقوہ میں پینا نہایت فائدہ مند ہے۔ نیز بطور مالش ان امراض کے لئے نہایت نافع ہے۔ شراب کا نشہ دور کرنے کے لئے مولی کے سبز پتے 3 تولہ پانی سے پیس کر اس میں مصری ملا کر پینا فوراً اثر کرتا ہے اور نشہ کو دور کرتا ہے۔

○ مولی کا پانی ہم وزن روغن گل کے ساتھ پکائیں۔ جب پانی جذب ہو کر صرف تیل رہ جائے گا تو وہ روغن نیم گرم کان میں ڈالیں۔ تو اس سے کان کا درد اور طنین رفع ہوتے ہیں۔ اگر کان سے پیپ آ رہی ہو تو نمک مولی 3 ماشہ شہد ایک تولہ میں ملائیں اور اس سے بتی تر کر کے کان میں رکھیں۔ اگر کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں تو مولی کا پانی نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

○ مولی کا پانی آنکھ میں ڈالنے سے اس کو جلا دیتا ہے۔ جالا، پھولا اور دھند کو دور کرتا ہے۔

○ نزول الماء کے واسطے مولی کے پانی میں شہد ملا کر آنکھ میں ڈالنا بہت مفید ہے۔

○ مولی کا نمک بطور سرمہ آنکھوں میں لگانے سے امراض چشم کو نفع دیتا ہے۔

○ مولی کا نمک اور مرچ سیاہ کے سفوف کے ہمراہ کھانے سے دانت مضبوط ہوتے ہیں اور مسوڑھوں کے امراض رفع ہوتے ہیں

کمب (کھمب) کھانے سے خناق ہو گیا ہو تو مولی کھانے سے خناق کو آرام ہو جاتا ہے۔

○ مولی کا پانی اور سکنجبین ملا کر غرغرہ کرنے سے ورم حلق اور خناق دور ہوتا ہے۔

○ مولی کو نمک مرچ لگا کر کھانے سے آواز صاف ہوتی ہے۔ مولی کے بیج پیس کر تھوڑی مقدار میں گرم پانی کے ساتھ کھانے سے آواز کھل جاتی ہے۔

○ پرانی کھانسی کے واسطے نمک مولی نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک کھانڈ ملا کر اوپر سے گرم پانی پینا مفید ہے۔

○ مولی کا پانی آدھ پاؤ لے کر ایک پاؤ چینی کے ساتھ شربت کا قوام دیں اور بقدر 6 ماشہ صبح شام چاٹتے رہیں۔ یہ بھی کھانسی کو نافع ہے۔

○ اگر دمہ کی شکایت ہو تو مولی کو ٹکڑے کر کے برابر شہد کے ہمراہ مٹی یا پتھر کے برتن میں ڈالیں۔ اس کا منہ بند کریں اور نیم گرم تنور میں جو ابھی سرد نہ ہوا ہو رکھ کر اوپر سے تنور کا منہ بند کر دیں۔ صبح نکال کر ٹکڑوں کو ہاتھ سے ملیں اور شہد کے ساتھ یک جان کریں۔ یہ دوا بقدر 3 تولہ صبح کے وقت مریض کو کھلائیں۔ بہت نفع ہو گا۔

○ نمک مولی شہد میں ملا کر چاٹنے سے دمہ کو فائدہ ہوتا ہے۔ اگر دورہ کے وقت دیں تو دورہ دور ہو جاتا ہے۔

○ خشک مولی کو جوش دے کر پینے سے پرانی کھانسی اور دمہ کو فائدہ ہوتا ہے۔

○ اگر مولی کو غذا سے پہلے کھایا جائے تو اس سے غذا ہضم نہیں ہوتی۔ اگر غذا کے بعد کھائیں۔ خاص کر اس کے چھوٹے پتے تو ہاضمہ کو مدد ملتی ہے۔

○ مولی مرطوب مزاج کو موافق نہیں آتی۔

○ مولی کا نمک 2 رتی کھانا ہاضم اور مشتہی ہے۔ نفخ شکم کو دور کرتا ہے۔

○ اگر مولی کو جوش دے کر سکنجبین ملا کر پلائیں تو اس سے قے آ کر معدہ صاف ہو جاتا ہے۔

○ اگر کنگی کو ٹکڑے کر کے مولی میں داخل کریں اور اس کو مٹی لیپ کر بھوبل میں پکائیں اور جب بھرتہ ہو جائے تو مٹی دور کر کے مولی کو کھائیں تو اس سے خوب کھل کر قے ہوتی ہے۔

○ پیٹ کے ریاحی درد کے واسطے مولی کا رس نکال کر اس میں نمک مرچ سیاہ ملا کر پلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

○ مولی کے کھانے سے قبض دور ہوتی ہے۔ بواسیر کے واسطے اوسط درجہ کی دو عدد مولیاں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ان ٹکڑوں پر چینی 2 تولہ چھڑک کر اگر ہر روز کھاتے رہیں تو بہت نفع ہوتا ہے اور بواسیر بھی نہیں کرتی۔

○ مولی کے پتے سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں اور برابر چینی ملا کر ایک کف دست روزانہ چالیس روز تک کھاتے رہیں تو بواسیر کو نافع ہے۔

○ مولی کو چیر کر چار قاشیں بنائیں اور ان پر نمک لگا کر رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح کھا
کریں تو اس سے بواسیر کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

○ مولی یا اس کے پتے کھانے سے یا ان کا پانی پینے سے کرم شکم دور ہو جاتے ہیں۔

○ مولی کے کھانے سے ضعف جگر، یرقان اور بواسیر کو فائدہ ہوتا ہے۔

○ اگر کسی کی طحال بڑھی ہوئی ہو تو مولی کو پیس کر طحال پر لیپ کرنے سے نفع ہوتا ہے۔

○ مولی کے پتوں کا رس نکال کر اس میں قدرے چینی ملا دیں اور بقدر نصف سیر
یرقان والے کو پلائیں۔ اس سے اسہال بھی ہوں گے اور مریض کو پہلے ہی دن افاقہ محسوس
گا۔

○ اگر مولی کے پتوں کا پانی نکال کر ناک میں ٹپکائیں تو یرقان کو فائدہ ہوتا ہے اور آنکھ
کی زردی زائل ہوتی ہے۔ ضعف جگر کے واسطے نمک مولی ایک ماشہ چھاچھ کے ساتھ کھانا
ہے۔

○ استسقاء کے واسطے مولی کا رس 7 تولہ چینی 3 تولہ ملا کر صبح کے وقت پینا بہت مفید ہے

○ نمک مولی بقدر ایک ماشہ ہمراہ عرق مکو صبح شام کھلانا استسقاء کو مفید ہے۔

○ مولی کا اچار سرکہ میں ڈال کر کھانا عظم طحال کا محلل ہے اور جلد فائدہ دیتا ہے۔

○ مولی کے آدھ پاؤ پانی میں نمک ملا کر پینے سے طحال کا درد دفع ہوتا ہے۔

○ مولی کے بیج بقدر ایک ماشہ صبح شام کھانے سے امراض و جگر و طحال کو فائدہ دیتا ہے۔

○ مولی کا کھانا مدر بول ہے۔ اس سے بند پیشاب کھل جاتا ہے۔

○ اگر مولی کی شاخوں کا رس بغیر پتوں کے 2 تولہ نکال کر پلائیں تو اس سے پتھری ریزہ
ہو جاتی ہے۔

○ اگر مولی کی 4 قاشیں کر کے ان پر پھٹکری باریک شدہ 6 ماشہ چھڑک کر رات کو شبنم
رکھ دیں اور صبح کو قاشیں کھا کر پانی پی لیں تو اس کو سوزاک کو فائدہ ہوتا ہے اور پتھری بھی
جاتی ہے۔

○ مولیوں کے کھاتے رہنے سے ذیابیطس کو فائدہ ہوتا ہے اور پیشاب میں شکر آنا بند ہو
ہے۔

○ مولی کے بیج 6 ماشہ یومیہ کھاتے رہنے سے قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔

○ مولی کو ہاف بائل (نیم برشت) انڈے کے ساتھ کھانے سے منی زیادہ پیدا ہوتی ہے۔

○ مولی کے بیجوں کا تیل نکال کر عضو مخصوص پر مالش کرنے سے سستی و نامردی دور
ہے۔

○ خشک مولی کو جوش دے کر پلانے سے بند حیض جاری ہو جاتا ہے۔

○ گوشت وغیرہ غلیظ اغذیہ کے استعمال سے خون میں ایک زہریلا مادہ پیدا ہو جاتا ہے

پیشاب کے ہمراہ خارج ہوتا رہتا ہے۔ بدن میں کوئی نقصان رونما نہیں ہوتا۔ لیکن جب گردوں کی کمزوری یا دیگر اسباب سے یہ مادہ خون میں رہنے لگتا ہے اور خون کے ساتھ تمام بدن میں دور کرتا ہے تو اس سے ہر ایک عضو میں جہاں اس کا استقرار ہوتا ہے۔ مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جن کو اطباء امراض سوداوی سے تعبیر کرتے ہیں۔ کبھی یہ مادہ گردوں میں جمع ہو کر منجمد ہو جاتا ہے۔ جسے گردہ کی پتھری کہتے ہیں۔ کبھی یہ مفاصل میں جمع ہو کر ان کی صورت کو بگاڑ دیتا ہے اور اس کو وجع مفاصل و نقرس وغیرہ ناموں سے پکارتے ہیں۔

○ کبھی اس سے سر درد اور امراض دماغی ظہور میں آتے ہیں۔ کبھی معدہ میں سرایت کرنے سے کھٹی ڈکاریں آتی ہیں۔ کبھی اس سے آنکھیں، دل اور جگر ماؤف ہو جاتے ہیں اور اس مادہ کو تحلیل کرنے اور اس کو بذریعہ پیشاب یا پسینہ بدن سے خارج کرنے کے واسطے کوئی حکمی دوا آج تک معلوم نہیں ہوئی لیکن مولی اس کی محلل ثابت ہوئی۔ یہ پتھری کو تحلیل کر کے بہا دیتی ہے۔ اسی طرح یہ مفاصل میں منجمد شدہ مادوں کو بھی حل کر دیتی ہے۔

○ بواسیر ایسا مرض بھی یورک ایسڈ سے پیدا ہوتا ہے۔ مولی بواسیر کے واسطے بھی نہایت مفید اور نفع بخش ہے۔

○ مولی کو زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے چہرہ کی رنگت نکھرتی ہے اور چہرہ خوبصورت ہوتا ہے۔

○ اگر مولی کا چھلکا چھائیوں پر ملیں تو اس سے چھائیں دور ہو کر چہرہ صاف ہو جاتا ہے۔ تمام سیاہ نشان دور ہو جاتے ہیں۔ مولی کو پیس کر اگر منش اور بہق پر سرکہ کے ساتھ لیپ کریں اور ایک گھڑی کے بعد گرم پانی سے دھوئیں تو فائدہ ہوتا ہے۔

○ اگر مولی چھیل کر گنج پر ملیں تو بال اگ آتے ہیں۔

○ مولی کے بیج اور نمک چڑچڑ پیس کر ھلبری پر لگانے سے اس کے داغ دور ہوتے ہیں۔

○ تخم مولی 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک پیس کر شہد کے ساتھ کھاتے رہنے سے موٹاپا دور ہوتا ہے۔

○ کنٹھ مالا یعنی بھجیں کے واسطے تخم مولی بکری کے دودھ سے پیس کر گلٹیوں پر لیپ کرنے سے گلٹیاں تحلیل ہو جاتی ہیں۔

○ داد کیواسطے مولی کے بیج آب لیموں سے پیس کر لگانا بہت مفید ہے۔

○ اگر جسم میں جوئیں پڑ گئی ہوں تو پارے کو مولیوں کے پتوں کے پانی میں حل کر کے اس میں دھاگہ تر کر کے خشک کر لیں اور گلے میں ڈالیں۔ اس سے تمام جوئیں مر جاتی ہیں۔

○ اگر مولی کا پانی بچھو پر ڈالیں تو وہ مر جاتا ہے۔ اگر اسے بچھو کے ڈنگ پر لگائیں تو فوراً درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ اگر مولی کا رس لگا کر بچھو کو پکڑ لیں تو وہ کاٹ نہیں سکتا۔ مولی کے پتوں سے حشرات الارض بھاگتے ہیں۔

○ مولی کا تخم ساڑھے تین ماشہ کھانے سے زہریلے کیڑے کے کاٹے کا درد دور ہوتا ہے۔

○ اگر مولی کے ٹکڑے پر نمک لگا کر بچھو کے ڈنک کے مقام پر رکھیں تو زہر کا اثر دفع ہو جاتا ہے۔

○ اگر مولی کے پتے گرم کر کے پاگل کتے کے کاٹے ہوئے زخم پر باندھے جائیں تو زہر دور ہو جاتا ہے۔

○ اگر چارپائی میں کھٹمل پڑ گئے ہوں تو مولی کے پتے اور پارہ ملا کر پیسیں۔ جب یکجان ہو جائیں تو اس میں روئی تر کر کے چارپائی کی چولوں میں رکھیں۔ کھٹمل دور ہو جائیں گے۔ مولی کے چھلکے باریک پیس کر سرکہ میں ملائیں اور پیشانی اور کن پٹیوں پر لیپ کریں۔ درد شقیقہ کے لئے مفید ہے۔ مولی بمع پتوں کے چھیل کر خشک کر لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔ روزانہ لیموں کے تازہ عرق کے ساتھ ایک ماشہ کی مقدار میں صبح نہار منہ کھلائیں۔ تین ہفتہ میں مرگی کے مرض سے نجات مل جائے گی۔

○ مولی کے بیج ادرک کے پانی میں پیس کر مقام ماؤف پر لگائیں۔ لقوہ کے لئے مفید ہے۔

○ مولی کے بیج کوٹ چھان کر باریک پیس لیں اور ہر روز رات کو سوتے وقت 6 ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی استعمال کریں۔ کابوس کے مریض کے لئے مفید ہے۔

○ کابوس ایک ایسا مرض ہے جس میں نیند کی حالت میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی چھاتی پر سوار ہے اور گلا گھونٹ رہا ہے۔ اس ڈر سے مریض کی حالت غیر ہو جاتی ہے۔ اس کو رفع کرنے کے لئے قے آور دوا بہت مفید ہے۔ مندرجہ بالا نسخہ استعمال کرنے سے قے کے ذریعہ گندا مواد خارج ہو جاتا ہے اور تکلیف دہ کیفیت سے نجات مل جاتی ہے۔

○ چار ماہ تک باقاعدگی سے ایک مولی کھائیں۔ بال گرنا بند ہو جائیں گے اور نئے بال پیدا ہونے لگیں گے۔ گنج پر مولی کا پانی ملنے سے گنج دور ہو جاتا ہے۔

○ عرق گلاب ایک تولہ میں دو تولہ مولی کا پانی ملا کر رکھیں اور کسی باریک کپڑے سے چھان کر شیشی میں ڈال دیں۔ دن میں دو مرتبہ صبح و شام ڈراپر سے دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالنے سے دکھتی آنکھوں کو آرام ہو جاتا ہے۔

○ سرمہ سیاہ 2 تولہ کھرل میں باریک پیس لیں اور اس میں مولی کا پانی ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ اسی طرح 10 تولہ پانی جذب کر دیں۔ پھر مولی کے سبز پتوں کا پانی دس تولہ کھرل کرتے کرتے خشک کریں۔ بس سرمہ تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت تین تین سلائیاں ڈالا کریں۔ اس سے دھند، جالا، پانی بہنا اور خارش دور ہو جاتی ہے۔

○ مولی کا پانی یا اس کے سبز پتوں کا پانی آنکھوں میں ڈالنا نظر کو بے حد تیز کرتا ہے۔

○ مولی کا پانی نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ دو تین دن میں کان کے کیڑے مر جائیں گے۔

○ نمک مولی 3 ماشہ کو ایک تولہ شہد میں ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ روزانہ روئی کی بتی تر کر کے دن میں دو تین مرتبہ بدلتے رہا کریں۔ کان میں سے پیپ آنا بند ہو جائے گا۔ یہی دوا کان درد اور کان کی خشکی کو بھی فائدہ دیتی ہے۔

○ مولی کا نمک جو کہ نہایت باریک پسا ہو لے کر بطور نسوار سونگھنے سے رکا ہوا پانی نکل کر سر ہلکا ہو جاتا ہے۔

○ نمک مولی ایک ماشہ' 6 ماشہ دیسی کھانڈ میں ملا کر صبح و شام گرم پانی سے کھلانا بہت مفید ہے۔ اگر کھانسی زیادہ پرانی نہ ہو تو مولی کے نمک کی مقدار ایک ماشہ کی بجائے چار رتی ہی کافی ہے' اس سے پرانی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔

○ مولی کا نمک بقدر 4 رتی 3 ماشہ شہد میں ملا کر صبح و شام مریض دمہ کو کھلاتے رہیں۔ دمہ کے لئے مفید ہے۔

○ مولی کا نمک ایک ماشہ گرم پانی سے کھلانے سے اپھارہ کو آرام ہو جاتا ہے۔

○ رال سفید تین ماشہ باریک پیس کر مولی سے لگا کر کھائی جائے تو پہلے دن ہی فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ اسہال مزمن کے لئے بہت مفید ہے۔

○ مولی کھا کر اس کے پتے ٹوپی میں رکھیں۔ بدبو کی ڈکار نہیں آئے گی۔

○ مولی کو پانی میں جوش دے کر تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ اکسیر ہچکی ہے۔ اس سے ہچکی بند ہو جائے گی۔

## زود اثر مجربات

○ اگر مولی کے پتوں کا پانی نکال کر مریض یرقان کو سونگھا دیں تو چند بار سونگھنے ہی سے آرام ہو جاتا ہے۔

○ نمک مولی بقدر ایک ماشہ صبح چھاچھ سے اور شام کو پانی سے استعمال کرنا ضعف جگر کو مفید ہے۔

○ ایک سیر مولیاں پتوں سمیت لے کر ان کا رس نکال لیں اور اس میں نوشادر اور قلمی شورہ 6 - 6 ماشہ حل کر کے چند دن تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ درد جگر کو فائدہ ہو گا۔

○ تخم مولی' تخم پالک' نمک سیاہ ہر دوا 2 ماشہ باریک پیس کر نیم گرم پانی سے کھائیں۔ ایک گھنٹہ کے اندر اندر جگر کے درد سے صحت ہو گی۔

○ مولی کا رس 2 تولہ' مکو کا رس 2 تولہ ملا کر اتنی اتنی مقدار میں مریض کو دن میں کم از کم تین مرتبہ پلائیں اس سے چند یوم میں جگر کا ورم اتر کر آرام ہو جائے گا۔

○ مولی کا نمک بقدر ایک ماشہ صبح شام گرم پانی سے کھلاتے رہیں۔ ورم طحال کو مفید ہے۔

○ مولی کے بیج 6 ماشہ ایک تولہ شہد میں پیس کر جگر کی بیماری کی وجہ سے آنے والے دست کے مریض کو کھلا دیں۔ دست رک جائیں گے۔

○ ایک عدد مولی لے کر لمبائی میں اس کی چار پھانکیں کر کے چینی کی پلیٹ میں رکھ دیں اور اس پر نوشادر پسی ہوئی 6 ماشہ لگا کر رات بھر رکھا رہنے دیں اور صبح مریض کو پہلے وہ پانی جو پیالہ میں مولیوں سے نکلا ہوا موجود ہو' پلا کر اوپر چاروں پھانکیں کھلا دیں۔ اسی طرح دو ہفتے روزانہ کھلاتے رہیں۔ ورم تلی کے لئے مفید ہے۔ اس سے تلی دن بدن کم ہوتی چلی جائے گی۔

○ مولی کے سبز پتوں کا پانی بقدر آدھ پاؤ نکال کر روزانہ صبح کے وقت پلایا کریں۔ روزانہ ایک دست آیا کرے گا۔ چند روز میں تلی کا ورم دور ہو جائے گا۔

○ مولی کے تازہ پانی دس تولہ میں مصری ملا کر صبح کے وقت پیا کریں۔ درد گردہ کی تکلیف جاتی رہے گی۔

○ قلمی شورہ ایک تولہ کو اس حد تک کھرل کریں کہ اس میں بارہ تولہ مولی کا پانی جذب ہو کر شورہ گولی باندھنے کے لائق ہو جائے۔ اب گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔ ایک گولی بوقت صبح گرم پانی سے کھلائیں۔ درد گردہ کے لئے مفید ہے۔

○ ایک شلغم میں شگاف کر کے اس میں مولی کے بیج ایک تولہ بھر دیں اور شگاف کو بند کر کے شلغم کو بھوبل میں دبا دیں۔ جب پک جائے تو بیج نکال کر اس کے چار حصے کریں۔ ایک حصہ پیس کر صبح نہار مولی کے پانی 10 تولہ میں شکر سرخ 2 تولہ ملا کر کھائیں۔ اگر چالیس دن استعمال کریں تو پتھری کی وجہ سے پیدا ہونے والا درد ہمیشہ کے لئے موقوف ہو جائے گا۔

○ پھٹکری سفید ایک چھٹانک کو ایک سیر مولی کے پانی میں آگ پر پکائیں۔ جب پھٹکری پھول جائے تو باریک پیس کر رکھ لیں۔ 3 رتی ہمراہ عرق سونف دیں۔ درد گردہ کے لئے اکسیر دوا ہے۔

○ نمک مولی باریک پیس کر دن میں 3 - 3 مرتبہ ماشہ ماشہ کی مقدار میں عرق سونف یا پانی سے کھلائیں۔ ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے پتھری خارج ہو جائے گی۔

○ نمک مولی 6 رتی' نمک خربوزہ چھ رتی ملا کر شربت بزوری یا تازہ پانی کے ساتھ دیں۔ بغیر کسی تکلیف کے مثانہ کی پتھری خارج ہو جائے گی۔

○ مولی کا پانی نکال کر اس میں چھ ماشہ اور تین ماشہ قلمی شورہ حل کر کے پلایا جائے تو بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ دن میں ایک مرتبہ روزانہ کے حساب سے اگر مسلسل دو ہفتے اس کا استعمال کرایا جائے تو گردہ کی پتھری خارج ہو جاتی ہے۔

○ ایک بڑی مولی لے کر اس کی چار قاشیں کر لیں اور اس پر چھ ماشہ پھٹکری کا سفوف چھڑک کر رات بھر شبنم میں پڑا رہنے دیں۔ صبح کو یہ مولی کھا کر پانی پی لیں تو سوزاک کو آرام ہو جاتا ہے۔ یہی نسخہ پتھری کے اخراج کے لئے بھی مفید ہے۔

○ مولی کے پانی سے آب دست لینا بواسیر کے مسوں کے زور کو زائل کر مردہ کر دیتا ہے۔

○ اگر ایک مولی بلا ناغہ نہار منہ کھائی جائے اور پتوں کا پانی نکال کر استعمال کر کے معدہ کو

مسوں پر باندھ کر لنگوٹ کس دیا جائے تو کچھ عرصہ کے بعد بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔ مولی کا مربہ بھی یہی فوائد رکھتا ہے۔

○ مولی یا اس کے پتے یا موگرے 5 تولہ، کالی مصری 2 تولہ، بھوری مرچ 5 عدد پیس چھان کر روزانہ پینا مسوں کی خارش، جلن اور درد دور کرتا ہے۔

○ مولی کے بیج اور اجوائن ہم وزن لے کر کوٹ کر باریک پیس لیں اور ہر روز 6 ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔ بواسیر کے لئے مفید ہے۔

○ مولی کے بیج ایک تولہ، گوگل 10 تولہ، توتیا 6 ماشہ، مولی کے پانی میں پیس کر لمبی لمبی گولیاں بنا لیں اور بوقت ضرورت مولی کے پانی میں گھس کر اوپر لیپ کر دیں۔ تین ہی دن میں داد دور ہو جائے گا۔

○ مولی کا نمک 6 ماشہ 10 تولہ کڑوے تیل میں ملا کر مالش کرائیں اور 2 گھنٹہ بعد گرم پانی سے نہانے کی ہدایت کریں۔ اس سے خشک خارش بالکل دور ہو جائے گی۔

○ اگر مولی کے بیج اور صندل سفید ہم وزن لے کر کوٹیں اور بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے مہاسوں پر لیپ کریں تو چند دن میں چہرے کے مہاسے اور کیل دور ہو جائیں گے۔

○ اگر جسم پر سیاہ دھبے پڑ جائیں تو مولی کے بیج پیس کر دہی میں ملا کر لیں اور خشک ہونے پر سرکہ اور گرم پانی سے دھوئیں تو مرض کا ازالہ ہو گا۔

○ تخم مولی 3 تولہ، سم الفار سفید خوب باریک پیس کر رات کے وقت سرکہ میں ملائیں۔ دو گھنٹہ میں خمیر اٹھ آئے گا۔ اس وقت چھلبہری کے داغوں پر مالش کر کے سو جائیں۔ صبح دہی سے دھو کر گرم پانی سے نہائیں۔ چند دن میں چھلبہری کے داغ دور ہو جائیں گے۔

○ تخم مولی سرکہ میں باریک پیس کر لیپ کرنے سے بھی چھلبہری کے داغ دور ہو جاتے ہیں۔

○ تخم مولی کو تلوں کے تیل میں اس حد تک کھرل کر لیں کہ یک جان ہو جائے۔ اس کو گرم کر کے عضو مخصوص پر ملنا مردہ رگوں کو زندہ کر دیتا ہے۔ عجیب طلاء ہے۔

○ نمک مولی ایک ماشہ یا مولی کے بیج 6 ماشہ گرم پانی سے پھانکنے سے رکا ہوا حیض کھل جاتا ہے۔

○ جو لوگ مولی زیادہ کھاتے ہیں ان کو بچھو نہیں کاٹتا۔ (بشکریہ وید کرشن دیال جی)

○ اگر مولی کے پتوں کی گھر میں دھونی دی جائے تو سانپ بچھو وغیرہ گھر سے نکل جاتے ہیں۔ (رسالہ سنیاسی)

○ اگر افیون کی خوراک مقدار سے زیادہ کھا لی گئی ہو تو نمک مولی 1 تولہ گرم پانی میں کھرل کر پلائیں۔ یہ نسخہ بھنگ اور دھتورہ وغیرہ کا زہر خارج کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔

# مولی کے مرکبات

## اچار مولی

مولی کا چھلکا اتار کر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اور ان پر نمک اور سیاہ مرچ چھڑک کر برتن میں ڈالیں اور سرکہ اس قدر ڈالیں کہ ٹکڑوں کے اوپر آ جائے۔ پھر برتن کا منہ بند کر کے چند روز دھوپ میں رکھیں۔ ہر روز ہلاتے رہیں۔ عمدہ اچار تیار ہو گا۔

یہ اچار بہت لذیذ ہوتا ہے۔ روزانہ صبح شام چند ٹکڑے کھانے سے بڑھی ہوئی تلی اپنے مقام پر آ جاتی ہے۔ رکے ہوئے پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ بواسیر کے لئے مفید ہے۔ مقدار خوراک بقدر ضرورت۔

## جوہر مولی

مولی کی راکھ' جو کی راکھ' انگور کی لکڑی ہر ایک ایک پاؤ۔ تکوں کی لکڑی کی راکھ' قلمی شورہ' نوشادر ہر ایک ایک پاؤ۔

مندرجہ بالا دوائیں 25 گنا پانی میں تر کریں۔ ہر روز تین مرتبہ ہلاتے رہیں۔ تین دن کے بعد صاف کر کے اس میں مندرجہ ذیل ادویہ ڈال کر شیرہ نکالیں۔

مغز تخم کدو' مغز تخم کاسنی' مغز تخم خرفہ' تخم کاہو ہر ایک آدھ پاؤ مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر درخت یا چھت سے لٹکا دیں۔ چند روز کے بعد اس پانی سے باہر کی طرف سفید جوہر نکلنے شروع ہوں گے۔ ان کو ہر روز علیحدہ کر کے خشک کریں اور کسی شیشی میں جمع کرتے جائیں۔

**فوائد** :- یہ لطیف جوہر پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ عظم طحال میں مفید ہے۔ بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے تو دھند' جالا اور پھولا کو دور کرتا ہے۔

**خوراک** :- نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان۔

## اکسیری گولیاں

**اجزاء** : رسوت 10 تولہ۔ مولی کا پانی اڑھائی پاؤ' گل سرخ 2 تولہ۔ قند سیاہ 1 تولہ۔ تخم نیم' تخم بکائن ہر ایک 2 تولہ۔ سورنجاں شیریں 6 ماشہ۔ کوئلہ کریر 1 تولہ۔ عرق گلاب 10 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- رسوت 10 تولہ کو مولی کے پانی اڑھائی پاؤ پختہ میں تر کریں اور 4 پہر کے بعد پانی صاف کریں۔ پھر سب ادویہ کو باریک پیس کر رسوت کے محلول میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال** :- ہر روز سرد پانی کے ساتھ دو گولیاں غذا صرف چپاتی اور گھی ملیدہ کر کے کھلائیں اور کچھ نہ دیں۔

**فوائد** :- بواسیر کے لئے اکسیر ہے۔

## تریاق بواسیر

مولی کا پانی سوا گنا۔ پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' آملہ' ہلیلہ سیاہ' روغن زرد' رسوت' رس صد برگ' رس گگروندا' رس نیم' رس شاہترہ۔

**ترکیب تیاری** :- تمام ادویہ کو کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال** :- ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ۔

## حبوب بواسیر

مولی ایک عدد آدھ سیر وزنی' رسوت 4 تولہ۔ قلمی شورہ 2 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- مولی میں پتوں کی طرف کھرچ کر گڑھا بنائیں اور اس گڑھے میں رسوت اور قلمی شورہ بھر کر اوپر سے مولی کا نکلا ہوا گودا پر کریں اور مولی کو مٹی سے گل حکمت کریں جب مٹی خشک ہو جائے تو تین سیر اپلوں میں آگ دیں تاکہ مولی بھرتہ ہو جائے۔ پھر نکال کر ادویہ کو بمعہ مولی کے گودہ کے کھرل کریں اور گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں۔

**فوائد** :- ہر قسم کی بواسیر کے واسطے بہت عمدہ چیز ہے۔ ایک گولی یومیہ چالیس روز تک کھاتے رہیں۔

## روغن مولی

تخم مولی' برگ حرمل' برگ سکھدرشن سب کا پانی ایک ایک تولہ۔ روغن سرسوں 2 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- سب کو ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی جذب ہو کر تیل رہ جائے صاف کر لیں۔

**ترکیب استعمال** :- چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔

**فوائد** :- درد اور خارش کان میں مفید ہے۔

## اکسیری تیل

مولی کا پانی' شیر گاؤ' دہی' کانجی' روغن کنجد ہر ایک ایک سیر۔ چترک' سیندھا نمک' پیپلی ہر ایک ایک تولہ۔ اتیس' راسن' عود' بلادر' درچ' کٹھ' گوکھرو' سونٹھ' پوکھر مول' کھجور' پوست بلیلہ' سونف' دیودار۔

**ترکیب تیاری** :- سب کو ملا کر پکائیں۔ جب صرف تیل رہ جائے تو صاف کر لیں۔

**فوائد** :- تمام بادی بلغمی امراض کے لئے مفید ہے۔ 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک گرم دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔ فوراً فائدہ ہو گا۔

## روغن دافع اورام

مولی خشک' بیج اٹ سٹ' برادہ دیودار' راسنا' سونٹھ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- سب ادویہ کو کوٹ کر روغن کنجد ایک سیر اور پانی 4 سیر کے ہمراہ آگ پر

پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو تیل کو صاف کر لیں۔

**فوائد** :۔ ہر قسم کے ورم اور درد کے واسطے بطور مالش مفید ہے۔

## سرمہ ترب

سرمہ سیاہ 2 تولہ۔ مولی کا پانی 10 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :۔ سرمہ کو مولی کے پانی میں کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر مولی کے سبز پتوں کا پانی لے کر کھرل کریں اور پیس کر رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال** :۔ رات کو سوتے وقت تین تین سلائیاں آنکھوں میں لگائیں۔

**فوائد** :۔ نظر کو تیز کرنے کے لئے مفید ہے۔ دھند' جالا' پھولا اور خارش کو دور کرتا ہے۔

## سفوف مولی

تخم شلغم، تخم پیاز' تخم گندنا' ستاور' سونف' زیرہ سفید ہر ایک 9 ماشہ۔ نشاستہ جو 2 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :۔ سب ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنا لیں اور سب کے ہم وزن سفید دیسی چینی ملائیں۔

**فوائد** :۔ جب عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ کی کفالت نہ کرتا ہو تو یہ سفوف ہر روز صبح کو ایک تولہ شیر گاؤ کے ساتھ کھلائیں۔ دودھ خوب اترے گا۔

## عرق مولی

تخم ترب' بادیان' انیسوں ہم وزن۔

**ترکیب تیاری** :۔ سب کو پانی میں تر کریں اور بدستور اس کا عرق کشید کریں۔

**فوائد** :۔ استسقاء میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال** :۔ یہ عرق صبح کے وقت 5 تولہ پلائیں اور شام کو برگ مولی کا مروق عرق استعمال کرائیں۔ جلد فائدہ ہو گا۔

## محلول مولی

نمک ترب' نمک خار خسک' جوکھار ہر ایک 3 ماشہ۔ قلمی شورہ' سوڈا کھار' عرق کاسنی ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری** :۔ سب ادویہ عرق کاسنی میں حل کر کے رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال** :۔ یہ محلول تین تین گھنٹہ بعد پلائیں۔

**فوائد** :۔ پیشاب آور ہے۔ درد گردہ کے واسطے اکسیر ہے۔

## مولی کا مربہ

مولی ایک سیر۔ چینی ایک سیر۔ لیموں 2 عدد۔ سفوف زنجبیل ایک چمچہ۔

**ترکیب تیاری** :- مولی کو کدوکش کر کے چینی ملا کر گرم کریں۔ جب ابلنے لگے تو اس میں لیموں ریزہ ریزہ شدہ اور سفوف زنجبیل ڈال دیں۔ جب قوام جمنے کے قریب ہو اتار لیں۔

**فوائد** :- یہ مرید ہاضم ہے۔ ریاح کو دور کرتا ہے۔ استسقاء اور ضعف جگر کے لئے مفید ہے۔

## معجون مولی

تخم مولی 4 تولہ۔ بہمن سرخ، بہمن سفید، حب الآس ہر ایک 2 تولہ۔ جفت بلوط، خولنجان، عاقر قرحا ہر ایک ایک تولہ۔ کندر، جوزبوا، ثعلب، اقاقیا، خبث الحدید مدبر، تخم شبت، سعد کوفی، شہد مصری ہر ایک 25 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- بطریق معروف معجون بنالیں۔

**فوائد** :- مقوی باہ، مولد منی اور مغلظ منی ہے۔

**خوراک** :- 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گائے۔

اجزاء : نمک مولی، نمک خوردنی، نمک سیاہ، زنجبیل ہر ایک ایک تولہ۔ ہینگ 6 ماشہ۔

**ترکیب تیاری** :- سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**فوائد** :- ہاضم طعام ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ دافع عظم طحال ہے۔

**خوراک** :- 2 رتی تک۔

## رب مولی

**ترکیب تیاری** :- مولیوں کو کدوکش کر کے موٹے کپڑے میں چھان لیں اور پانی کو کڑاہی میں ڈال کر پکائیں۔ جب بالکل گاڑھا اور قریب انعقاد ہو اتار لیں۔ یہ نمک مولی یا رب مولی ہے۔

**ترکیب استعمال** :- درد گردہ اور احتباس بول میں مفید ہے۔ یہ رب ایک ماشہ سے تین ماشہ تک کھلائیں۔ مجرب ہے۔

## روغن ترب

آب مولی آدھ سیر۔ آب پیاز، میٹھا تیل ہر ایک 10 تولہ۔ سرکہ ڈھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- تمام اشیاء کو ملا کر دھیمی آنچ پر پکائیں۔ جب صرف تیل باقی بچے تو چھان لیں۔

**ترکیب استعمال** :- دن میں 3 مرتبہ 4-4 قطرے۔

**فوائد** :- یہ تیل اگر مسلسل ایک ماہ استعمال کیا جائے تو پیدائشی بہرے پن کے علاوہ دیگر تمام وجوہات سے ہونے والے بہرہ پن کے لئے مفید ہے۔

## اکسیر ترب

اجزاء : عرق مولی 2 سیر۔ ہلیلہ سیاہ 2 سیر۔ چاروں نمک آدھ پاؤ۔ نوشادر 1 تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- ان سب کو عرق مولی میں ڈال دیں اور چار پانچ روز پڑا رہنے دیں۔ روزانہ ہلا دیا کریں اور دیکھتے رہیں کہ گل گئی ہیں یا نہیں۔ جب دیکھیں سب گل گئی ہیں تو کسی بڑے برتن میں ڈال دیں اور گاڑھی ہونے پر نخودی گولیاں بنا لیں۔ بوقت ضرورت نیم گرم پانی سے دو گولی دیں۔

**ترکیب استعمال** :- تلی یا جلاب کے لئے یا پیٹ درد کے لئے نیز قبض کے لئے ایک گولی دیں۔ ہاضمہ خراب ہو یا ہیضہ ہو تو سرد پانی سے دیں۔

## بواسیر کی خاص الخاص گولیاں

ہوالشافی

ایک مولی ایسی لیں جو کم از کم آدھ سیر کی ہو۔ اس کو پتوں کی جانب سے کھود کر اس میں گڑھا بنا لیں۔ گڑھے میں رسونت 4 تولہ شورہ قلمی دو تولہ بھر کر اوپر سے مولی کا نکلا ہوا گودا بھر کر مولی کو کپڑے اور مٹی سے خوب اچھی طرح بند کر دیں اور مٹی کے خشک ہونے پر دو سیر اپلوں کی آگ دیں۔ جب معلوم ہو کہ مولی گل گئی ہو تو نکال کر بمعہ مولی کے کھرل وغیرہ میں ڈالیں اور خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں اور قوام گاڑھا ہونے پر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا لیں۔

**ترکیب استعمال** :- ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں۔

**فوائد** :- ہر قسم کی بواسیر کے لئے بہترین نسخہ ہے۔ تین ہفتہ تک استعمال جاری رکھنا کافی ہے۔

## بواسیر کا دو ہفتے میں علاج

سہاگہ 2 تولہ لے کر اس کو چار روز مولی کے پانی میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کریں اور 10 سیر اپلوں کی آگ دیں اور پھر اس کے برابر رسونت اور آدھا ایلوا ملا کر شہد سے گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں اور ایک گولی صبح کے وقت گھی یا دودھ سے کھلائیں۔ دو ہفتہ میں بواسیر میں آرام ہو گا۔

## اکسیر حیض کشا

تخم مولی 6 ماشہ۔ گڑ پرانا 2 تولہ۔ پانی آدھ سیر۔

سب چیزیں پانی میں ملا کر جوش دیں۔ جب آدھا پانی جل جائے تو گرم گرم پلا دیں۔ تین دن پلانے سے حیض کھل جائے گا۔

## درد حیض

مولی کے بیج 3 ماشہ۔ جو کے بیج 3 ماشہ۔ میتھی کے بیج 3 ماشہ۔ ہالوں کے بیج 3 ماشہ۔ عرق

4 ماشہ۔ سوئے کے بیج 4 ماشہ۔ املتاس کی پھلی 4 ماشہ۔ کلونجی 4 ماشہ۔ مال کنگنی کے بیج 4 ماشہ۔ سب کو کوٹ کر رکھ چھوڑیں۔ ایک سیر پانی میں ڈال کر پکائیں۔ تین چھٹانک پانی رہ جائے پھر مل چھان کر اتار لیں۔ پھر اس میں تین تولہ پرانا گڑھ ملا کر گرم گرم پلائیں۔ اس کی صرف دو خوراک صبح شام لینے سے حیض کافی مقدار میں آ جاتا ہے۔

## معجون مقوی باہ

مولی کے بیج ایک چھٹانک لے کر باریک پیس لیں اور اس میں درج ذیل ادویہ شامل کر لیں۔ خولنجان' عقر قرحا' جفت بلوط ہر ایک ایک تولہ۔ کندر' جوزبوا' ثعلب مصری' اقاقیہ' خبث الحدید مدبر ہر ایک ایک تولہ۔ تخم شبت' سعد کوفی' شہد' مصری ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری** :- بطریق معروف معجون بنا لیں۔

**ترکیب استعمال** :- 6 ماشہ تا 9 ماشہ ہمراہ دودھ گائے ایک پاؤ۔

**فوائد** :- یہ معجون منی پیدا کرتی ہے۔ اسے گاڑھا کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ 2 ہفتہ کے استعمال سے اس کے فوائد کے آپ خود قائل ہو جائیں گے۔

## مولی کے ذریعے تیار ہونے والے کشتہ جات

مولی کے ذریعے بہت قسم کے کشتہ جات تیار ہوتے ہیں۔ ان میں چند حسب ذیل ہیں۔

## کشتہ پارہ

ایک تولہ پارہ کو مولی کے ایک سیر پانی کے ساتھ کھرل کریں۔ سخت گولی بن جائے تک۔ اسے توے پر رکھ کر نیچے کوئلوں کی نرم آگ جلائیں اور گرہ پر آب لیموں کا چھوبہ دیتے رہیں۔ سفید رنگ کا شگفتہ ہو جائے گا۔ شیشی میں سنبھال لیں۔

**فوائد** :- یہ کشتہ ضعیفوں اور نامردوں کو نصف چاول سے 2 چاول تک کھلائیں۔ بہت مفید اور مجرب ہے۔

## کشتہ رسکپور

ایک موٹی مولی لے کر اس میں پتوں کی جانب سے گہرا سوراخ کریں۔ حتیٰ کہ نصف تک پہنچ جائے۔ پھر اس میں ایک تولہ رس کپور کی ڈلی رکھ کر نکلا ہوا گودہ پر کر دیں اور اس کو بطوپل گل حکمت کر کے 2 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ پیس لیں۔

**فوائد** :- آتشک کے واسطے نہایت مجرب دوا ہے۔ اس سے مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال** :- یہ تمام کشتہ اور مغز جمالگوٹہ 2 تولہ مٹی کے بالکل کورے پیالہ میں جس کے اندر سے ریت وغیرہ دور کی گئی ہو یہاں تک کھرل کریں کہ جمال گوٹہ کی تمام چکنائی پیالہ میں جذب ہو جائے۔ اگر کچھ باقی ہو تو دوسرے کورے پیالے میں کھرل کریں اور شیشی میں رکھ

**خوراک** :- دوا بقدر دانہ ماش شکرتری 2 تولہ کے ساتھ ملا کر کھلائیں۔ اوپر سے پانی اسی طرح تین دن استعمال کریں۔

**فوائد** :- اس سے اسہال بھی ہوں گے اور آتشک کے تمام زخم خشک ہو جائیں گے۔

**غذا** :- بے نمک کھچڑی۔ گھی زیادہ کھائیں۔

**احتیاط** :- اس دوا کے دوران استعمال غسل کرنا منع ہے۔ ورنہ وجع المفاصل ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

## کشتہ ذوی الارواح مرکب

سیماب مصفی، گندھک آملہ سار مصفی، شنگرف رومی، سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- سب ادویہ کو مولیوں کے رس سے 21 یوم کھرل کریں اور گولیاں بقدر کنول گٹہ بنا کر سایہ میں خشک کریں۔

بعد ازاں تانبے کی 2 کٹوریاں ایک ایک تولہ کی بنائیں لیکن پہلے تانبے کو آگ میں گرم کر کے اکیس بار شیر مدار اور سات بار بول گاؤ میں بجھائیں۔ پھر کٹوریاں اس قسم کی بنائیں کہ ایک کا منہ دوسری میں آجائے۔

اب ان کٹوریوں میں ڈال کر اوپر صاف کپڑا کی دو تہہ لپیٹیں۔ پھر اس کے اوپر روئی کا مضبوط لیپ کریں۔ خشک ہونے کے بعد دوسرا اور تیسرا لیپ کریں۔ جب خشک ہو جائے تو ہوا سے محفوظ مقام پر 25 سیر اپلوں کے درمیان گڑھے میں آگ دیں۔ آٹھ پہر کے بعد جب آگ سرد ہو جائے نکال کر بوتہ کو آہستہ سے کھولیں۔ کٹوری سمیت آسمانی رنگ کا کشتہ ہو گا۔ نہایت باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**فوائد** :- تمام بلغمی امراض کے لئے تیر بہدف ہے۔ خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک۔

بلغمی بخار کے واسطے دانہ الائچی خورد کے ساتھ۔

وجع المفاصل اور عرق النساء کے لئے اسگند ناگوری کے سفوف کے ہمراہ رات کو۔

لقوہ، فالج، خدر، رعشہ وغیرہ میں روغن زرد کے ساتھ کھانسی و دمہ میں سفوف فلفل دراز کے ساتھ درد شکم کے لئے اجوائن یا پودینہ کے سفوف کے ہمراہ۔ قوت باہ کے لئے سوف دار چینی کے ہمراہ۔

جذام کے لئے عرق اجوائن کے ساتھ۔

## کشتہ سرمہ سفید

سرمہ سفید 2 تولہ کو مولی کے پانی سے کھرل کریں اور کوزہ گل میں بند کر کے آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

**فوائد** :- جریان خون، سوزاک، جریان منی اور سیلان رطوبت کے لئے بہت مفید ہے۔

خوراک :- ایک رتی مسکہ میں۔

## کشتہ چاندی

برادہ چاندی' سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری** :- دونوں ادویہ کو مولی کے ایک پاؤ پانی سے کھرل کریں۔ جب پانی جذب ہو جائے تو اس کی ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور مٹی کی دو پیالیوں میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔

اسی طرح تین دفعہ عمل کریں۔ ہر دفعہ ایک تولہ سم الفار اضافہ کر کے مولیوں کے ایک پاؤ پانی سے کھرل کرتے رہیں۔ نہایت عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔

**فوائد** :- یہ کشتہ عمدہ مقوی باہ ہے۔ پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ بواسیر کے واسطے نہایت اکسیر ہے۔

**خوراک** :- بقدر 2 چاول مکھن یا بالائی میں کھاتے رہیں۔ ترش چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

بواسیر کے واسطے رسوت 6 ماشہ کے ہمراہ کھاتے رہیں۔ نہایت ہی مفید ہے۔

## دیگر

چاندی کا برادہ 3 ماشہ' سم الفار 3 ماشہ ہر دو کھرل میں ڈال کر اور مولی کا پانی بذریعہ کھرل جذب ہو جائے۔ اب اس کی گولی بنا کر مٹی کی دو چھوٹی پیالیوں میں بند کر کے اسے گل حکمت کریں۔ دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

اسے پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔ خوراک نصف چاول مکھن یا بالائی میں کھلایا کریں۔

**فوائد** :- بواسیر کے لئے بہت مفید اکسیری دوا ہے۔ علاوہ ازیں مقوی باہ ہے۔

## کشتہ فولاد

برادہ فولاد جوہر دار کو تین روز تک عرق لیموں کاغذی میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ایک موٹی مولی میں سوراخ کر کے 2 ٹکیاں رکھ دیں۔ پھر مولی کے گودے سے سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں اور 15 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح کم از کم چالیس مرتبہ عمل کریں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

**فوائد** :- یہ کشتہ مقوی معدہ و جگر ہے۔ ہاضم ہے۔ صالح خون پیدا کرتا ہے۔ جسم کو فربہ کرتا ہے۔ چہرہ کو بارونق بناتا ہے۔ مبہی اور مشتہی ہے۔

**خوراک** :- ایک رتی ہمراہ الائچی خورد مکھن میں رکھ کر یا 7 ماشہ جوارش جالینوس کے ساتھ استعمال کریں۔

## کشتہ فولاد سو آتشہ

برادہ فولاد 3 تولہ کو تین روز تک عرق لیموں میں کھرل کر کے لمبی لمبی بتیاں بنا لیں اور پھر

ایک بڑی سی مولی کا پیٹ خالی کر کے اس میں ڈال کر بدستور بند کریں۔ گل حکمت کریں۔ اور زمین میں گڑھا کھود کر ایک من اپلوں میں آگ دیں پھر نکال کر عرق لیموں میں کھرل کریں اور پھر مولی میں بند کر کے آگ دیں۔ اسی طرح اگر سو آگ پوری کر دیں تو بہت اچھا ہے۔ ورنہ چالیس ضرور ہوں۔ وہ لاجواب اکسیر تیار ہو گی کہ چند ہی خوراک میں گے گزرے نامرد اور ضعف جگر کے ایسے مریض کو بھوک بالکل نہ لگتی ہو رسائن کا کام دے گا۔

**خوراک** :- ایک رتی بالائی یا مکھن میں۔

## دیگر

برادہ فولاد 2 تولہ کو چینی کی پیالی میں رکھ کر اس کے اوپر آب مولی دس تولہ ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اور ڈالیں۔ جب سرخی مائل کشتہ تیار ہو جائے اور انگلیوں سے ٹٹولنے پر انگلی کے نیچے اس کی رڑک معلوم نہ ہو پیس کر شیشی میں رکھ دیں۔

**فوائد** :- ضعف جگر، یرقان، استسقاء، ورم طحال اور بواسیر کے واسطے نہایت مفید ہے۔

بدن میں صالح خون پیدا کرتا ہے۔

**خوراک** :- ایک رتی مکھن میں۔

## کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود 5 تولہ کو کوٹ کر باریک کریں اور مولی کے سبز پتوں کا پانی ایک پاؤ ڈال کر کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں پھر ایک مٹی کا سکورہ لے کر دس تولہ قلمی شورہ نصف اس ٹکیہ کے اوپر اور نصف نیچے رکھ کر گل حکمت کر کے آٹھ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر اس ٹکیہ کو ایک پاؤ مولی کے پانی میں کھرل کر کے 10 تولہ قلمی شورہ کے درمیان رکھ کر بدستور سابق 8 سیر اپلوں کی آگ دیں۔

یہ عمل اس طریق پر 4 دفعہ کریں۔ نہایت عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔

**خوراک** :- 1 تا 4 رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ لے روز استعمال کریں۔

**فوائد** :- گردہ و مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے خارج کر دیتا ہے۔

## دیگر

سنگ یہود، سنگ سرماہی ہم وزن مولیوں کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔

**فوائد** :- پتھری کو توڑنے کے لئے مفید ہے۔

**مقدار خوراک** :- چار چھ رتی ہمراہ شربت بزوری دیں۔

## دیگر

میں گل حکمت کر کے 5 سیر اپلوں کی آگ میں بھر دیں۔ پھر آدھ پاؤ پانی سے کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح تیسری مرتبہ عمل کریں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

فوائد :۔ درد گردہ اور سنگ گردہ و مثانہ کے واسطے مجرب ہے۔ بقدر 4 رتی پتاشہ میں کھلا کر اوپر سے شیر گاؤ ایک پاؤ گرما گرم میں روغن زرد اور مصری ہر ایک 3 تولہ ملا کر گھونٹ گھونٹ پئیں۔ فوراً آرام ہو گا۔

## کشتہ صدف

صدف کو چار روز آب مولی سے کھرل کر کے مٹی کے کوزہ میں گل حکمت کریں اور دس سیر اپلوں میں آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔ اس کشتہ کے ہم وزن رسوت اور نصف وزن مصبر زرد ملا کر لعاب گھیکوار سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

فوائد :۔ بواسیر کے واسطے مجرب ہے۔ ایک گولی روزانہ گھی کے ساتھ کھائیں۔ 2 ہفتہ میں آرام ہو گا۔

## کشتہ ابرک سفید

مولی کا پانی کانسی کے کسی برتن میں ڈال کر اس میں ابرک سفید ڈالیں۔ بارہ گھنٹے میں ابرک پھول جائے گا۔ اسے خوب گھوٹ کر اس سے دو چند قلمی شورہ ملائیں اور مولیوں کے پانی سے تر کر کے مٹی کے کوزہ میں 15 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ ابرک کشتہ ہو گا۔ اسے پانی میں تر کریں حتیٰ کہ شورہ پانی میں حل ہو جائے۔ اسی طرح چند بار دھو کر خشک کر لیں۔

فوائد :۔ اقسام تپیات کے واسطے اکسیر ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے اور امراض جگر میں نافع ہے۔

خوراک :۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

## دیگر

ابرک کو بدستور محلوب کر لیں اور مولی کے پانی میں 4 پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور بوتہ میں بند کر کے 10 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اس طرح بار بار آب مولی سے کھرل کر کے آگ دیتے جائیں۔ دس مرتبہ کے عمل سے بے چمک گلابی رنگ کا کشتہ ہو گا۔

فوائد :۔ یہ کشتہ ضعف جگر، یرقان، استسقاء اور بواسیر کے لئے بہت مفید ہے۔

خوراک :۔ ایک رتی صبح شام مکھن میں کھلائیں۔

## کشتہ ابرک سیاہ

ابرک سیاہ 5 تولہ کھرل کریں۔ مولی کے جڑ اور پتوں کا پانی نکال کر اس پانی سے 7 دن سحق کریں۔ پھر 7 روز صرف مولی کی جڑ کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ اور بوتہ میں گل حکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہو گا۔

**فوائد** :- یہ کشتہ بدن کو طاقت دیتا ہے۔ بخار کو دفع کرتا ہے۔ سرسام کو نفع دیتا ہے۔
**مقدار خوراک** :- ایک چاول پانی میں رکھ کر۔

## دیگر

ابرک ایک ایسی سخت چیز ہے کہ آگ میں آسانی سے نہیں جلتی۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ ابرک کے ٹکڑوں پر چھوٹے چھوٹے زیوروں کو رکھ کر ٹانکے لگاتے ہیں۔ مگر حکماء نے ایسی ایسی تراکیب نکالی ہیں کہ معمولی سی ترکیب سے ابرک کو کشتہ بنایا جا سکتا ہے کہ ہاتھوں سے مل کر باریک ہو جانے کے قابل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ایک ترکیب درج ذیل ہے۔
**اجزاء** : مولی کا پانی دس تولہ۔ شورہ قلمی 6 ماشہ۔ ابرک سفید 1 تولہ۔
**ترکیب تیاری** :- سب کو ملا کر کسی کوزہ میں ڈال دیں اور پھر کوزہ کا منہ بند کر کے اندازاً 5 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بس ایک ہی آگ میں کشتہ تیار ہو گا۔
پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔
**مقدار خوراک** :- بوقت ضرورت ایک رتی کشتہ لے کر عرق سونف یا کسی مناسب شربت یا صرف پانی سے دیا کریں۔
**فوائد** :- ہر طرح کے بخاروں کے لئے اکسیر ہے۔

## دیگر

ابرک سفید 3 تولہ لے کر پتلے پتلے ورق بنا کر ان کو قینچی سے نہایت باریک باریک کاٹ کر چاول بنا لیں اور پھر پتھر کے کونڈے میں ڈال کر مولی کا پانی ڈال کر خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ یہاں تک کہ آدھ سیر پانی اس میں جذب ہو جائے۔
اب اس کی ٹکیہ سی بنا کر مٹی کے کوزہ میں گل حکمت کر کے ایک من اپلوں میں آگ دیں۔ بس کشتہ تیار ہو گا۔

## دیگر

مولی کا پانی کسی کانسی کے برتن میں ڈال کر اس میں ابرک سفید 5 تولہ ریزہ ریزہ کر کے ڈال دیں۔ بارہ گھنٹوں میں ابرک پھول کر ہاتھوں میں ملے جانے کے قابل ہو جائے گا۔
اب اس کو خوب کھرل کر کے خشک ہونے پر 5 تولہ قلمی شورہ نیچے رکھ کر مٹی کے کوزہ میں ڈال دیں اور روئی ملی مٹی سے گل حکمت کر کے سات سیر اپلوں کی آگ دے دیں۔ کوزہ سرد ہو جانے پر دوا کو باریک کر کے ایک سیر پانی میں حل کر دیں اور ایک گھنٹہ کے بعد پانی نتھار کر کشتہ کو کسی طشت میں ڈال کر اپلوں کی گرم پر رکھ کر خشک کر لیں۔
**مقدار خوراک** :- یہ کشتہ ایک تا چار رتی۔
**فوائد** :- طباشیر سفید کو کوزہ مصری کے ساتھ کھلانا مقوی ...

پارہ سنگھا کے سینگ کو مولی معہ پتوں کے کچل کر اس میں لپیٹ کر اوپر سے گندھے ہوئے آٹے کا غلولہ بنا دیں۔

اب اسے خشک کر کے دس بارہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

**مقدار خوراک** :- دو چاول سے ڈیڑھ رتی تک مناسب بدرقہ سے دیں۔

**فوائد** :- باہ کو طاقت دیتا ہے۔ پھیپھڑوں کی بیماریوں کے لئے مفید ہے۔ پسلی اور ہاتھ پاؤں کے درد اور درد گردہ کو آرام دیتا ہے۔

## مولی کے چند نایاب چٹکلے

- ○ اگر سر میں جوئیں پڑ گئی ہوں تو پارہ کو مولی کے پانی میں کھرل کر کے سر میں لگائیں۔ چند روز کے استعمال سے جوئیں مر جائیں گی۔
- ○ مولی کو کدو کش کر کے اس کا نغدہ بھگندر پر باندھیں۔ چند روز میں شفا ہو جائے گی۔
- ○ 6 ماشہ مولی کے بیج ایک تولہ شہد میں پیس کر مریض کو کھلا دیں۔ جگر کی بیماری کی وجہ سے آنے والے دست رک جائیں گے۔ حکمت میں ایسے دستوں کو اسہال کبدی کہتے ہیں۔
- ○ رال سفید 3 ماشہ باریک پیس کر مولی سے لگا کر کھانے سے پرانے دست بند ہو جائیں گے۔

## مولی کا چورن

ہاضمہ کے لئے چورن کے بے شمار نسخے لکھے ہوئے ملتے ہیں جن میں سے بعض بے حد لذیذ اور مفید ہوتے ہیں لیکن یہ چورن اعلیٰ درجہ کا لذیذ ہونے کے علاوہ فائدہ میں بھی یکتا ہے۔ اس چورن کی تیاری کے لئے آپ کو صرف اتنا بتانا مقصود ہے کہ مولی کا نمک بذات خود ایک بہترین چورن ہے۔

## بہرہ پن

سرسوں کی طرح مولی کے بیجوں کا بھی تیل نکالا جاتا ہے۔ یہ تیل نکال کر نیم گرم کر کے کان میں 4 - 5 قطرے دن میں 3 مرتبہ ڈالیں۔ بہرہ پن ختم ہو جائے گا۔

## مولی کی نسوار

یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ دوا سب نسواروں سے افضل اور بالاتر ہے۔ البتہ اس میں شک نہیں کہ ایسے موقع پر جب یہ چیز تیار موجود ہو تو اس سے نسوار کا کام لیا جا سکتا ہے۔ جس سے چند چھینکیں آ کر دماغ سے پانی نکل کر سر ہلکا ہو جاتا ہے۔

کر سر ہلکا ہو جائے گا۔ مولی کا نمک شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگا کر رکھیں ورنہ پانی ہو جائے گا۔ دکھتی آنکھوں کی تکلیف کون نہیں جانتا۔ اس تکلیف کو دور کرنے کے ہم یہاں دو نسخے پیش کرتے ہیں جو کہ مولی سے بنتے ہیں۔

## نسخہ نمبر1 ھوالشافی

خالص شہد ایک تولہ میں مولی کا نمک 3 ماشہ ملا کر کھرل کریں اور اچھی طرح حل ہو جانے پر شیشی میں حفاظت سے رکھیں اور رات کو ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈالا کریں۔

## نسخہ نمبر2 ھوالشافی

عرق گلاب ایک تولہ میں دو تولہ مولی کا پانی ملا کر رکھیں اور کسی باریک ململ کے کپڑے میں چھان کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

**ترکیب استعمال**:- دن میں دو مرتبہ صبح و شام ڈراپر سے دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ دکھتی ہوئی آنکھوں کے لئے مفید ہے۔

صدارتی ایوارڈ یافتہ مصنف

ممتاز ماہر جنسیات حکیم محمد یوسف حسن

کی نوجوانوں کے لئے گائیڈ بک

# جنسیات کی پہلی کتاب

★ علم جنسیات اگر یہ ازل سے ابد تک ہے تو پھر اس سے شرم کیوں؟
★ جوان لڑکی سے ابتدائی گفتگو۔
★ جنس کیا ہے؟
★ جنسی قوت کیا ہے؟
★ جنسی قوت کے انحطاط کے نتائج؟
★ شادی کی عمر اور ساتھی کا انتخاب۔
★ عورت کے فرائض 'بیوی یا محبوبہ۔
★ لڑکوں اور لڑکیوں کی حفاظت
★ چند سبق آموز حقیقتیں
★ قدرت کے مقوی ذخائر
★ چند اہم ورزشوں کا بیان

یہ کتاب ہر نوجوان لڑکی اور لڑکے کو ضرور پڑھنی چاہئے

قیمت صرف -/27

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز 50 سرکلر روڈ ملک جلال دین ہسپتال چوک اردو بازار لاہور